نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے حالیہ موسمی صورتحال کے پیشِ نظر سفارشات جاری کر دیں

لاہور:22اگست 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق فصلوں پر بارشوں کے ملے جلے اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ صوبہ پنجاب میں دھان کی فصل 60 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کاشت ہو چکی ہے۔ دھان کی فصل پر بارشوں کے مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ صوبہ پنجاب میں کماد کی فصل کا زیر کاشت رقبہ 20 لاکھ ایکڑ سے زائد ہے۔ کماد کی فصل کی بڑھوتری کے لیے موجودہ موسمی حالات بڑے سازگار ہیں۔ بارشوں کے دوران فضائی نائٹروجن سے کھیتوں میں موجود فصلوں کو فائدہ پہنچا ہے۔ صوبہ پنجاب میں کپاس کی فصل کا زیر کاشت رقبہ 34 لاکھ ایکڑ ہے۔ موجودہ موسمی حالات کے دوران کپاس کی فصل کو خصوصی نگہداشت کی ضرورت ہے۔ کپاس کی فصل میں بارشوں کا پانی کھڑا نہ رہنے دیا جائے۔ بارشوں کے دوران کپاس کی فصل سے پانی کی نکاسی کا فوری بندوبست کیا جائے۔ بارش کے بعد کپاس کی فصل پر دو فیصد (2٪) یوریا کا محلول سپرے کیا جائے۔ کپاس کے کاشتکار فصل کی باقاعدگی سے پیسٹ سکاؤٹنگ جاری رکھیں اور کیڑوں کی معاشی نقصان دہ حد کو پہنچنے پر سفارش کردہ زرعی زہروں کا سپرے کریں۔ اس کے علاوہ بارشوں کے موسم میں کھیتوں میں موجود سبزیوں کو خصوصی نگہداشت کی ضرورت ہے

☆☆☆☆